**OFFICE OF THE**
**KHYBER PAKHTUNKHWA BAR COUNCIL**
**KHAYBER ROAD PESHAWAR.**
PH: 091-9211172, 091-9212415 Fax: 091-9213914
www.kpbarcouncil.com e-mail: support@kpbarcouncil.com

# پریس ریلیز

**پشاور 26 ستمبر 2022**

خیبر پختونخوا بار کونسل کا جنرل باڈی اجلاس بروز ہفتہ 24 ستمبر 2022 زیرِ صدارت محمد علی جدون وائس چیئرمین، بار کونسل آفس پشاور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں محمد الیاس خان ایڈوکیٹ چیئرمین ایگزیکٹیو اور دیگر معزز ممبران نے شرکت کی۔

اجلاس کے آغاز میں محمد شیرین خان، سردار عمر فاروق میاں خیل ممبران بار کونسل اور دیگر بیمار وکلاء کی صحت یابی اور فوت شدہ وکلاء کے لیے مغفرت کی دُعا کی گئی اس کے علاوہ سیلاب سے متاثرہ وکلاء اور عوام کے مشکلات کے حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ جنرل باڈی اجلاس میں درج ذیل فیصلے کیے گئے۔

1. جنرل باڈی اجلاس میں مبلغ -/13845000 (ایک کروڑ اڑتیس لاکھ پنتالیس ہزار روپے) فوری طور جاری کرنے کی منظوری دی گئی۔ جس میں سے فوت شدہ وکلاء کے وارثان کو -/11910000 روپے بیمار وکلاء کو -/1545000 اور سینئر / معمر وکلاء کو -/390000 بذریعہ چیک جاری کیے جائیں گے۔
2. وکلاء صاحبان کے سوشل میڈیا کے استعمال اور ہڑتال کی بابت خیبر پختونخوا بار کونسل میڈیا اور سٹرائیک ریگولیشن رولز 2022 کی منظوری دی گئی۔
3. اجلاس میں خیبر پختونخوا بار کونسل کی جانب سے لاء جرنل کے فوری اجراء کیلئے اقدامات اُٹھانے کی منظوری دی گئی۔ جس سے صوبہ بھر کے وکلاء پشاور ہائی کورٹ اور تمام بینچز کے فیصلہ جات سے مستفید ہو سکیں گے۔
4. لائرز ٹریننگ اکیڈمی قائم کرنے کے لیے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا۔ کہ 2015 میں صوبائی وزیر اعلیٰ جانب سے جاری ہدایات کے مطابق لائرز اکیڈمی کے لیے پلاٹ جلد از جلد مختص کیا جائے۔ تاکہ صوبہ بھر کے وکلاء کیلئے ٹریننگ اکیڈمی بنائی جاسکے۔
5. حبیب بینک اور یو بی ایل کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا کہ وکلاء کو فوری طور پر کار فنانس اور پرسنل لون کی سہولت فراہم کی جائے۔
6. سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے وکلاء کی مالی امداد اور بحالی کیلئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے وکلاء کی بحالی کیلئے فوری اقدامات اُٹھائے۔

سیکرٹری
خیبر پختونخوا بار کونسل